ایس او پیز (SOPs) نمبر: ابدالین سوسائٹی فیز۔I :11 مورخہ: 2026-01-01

ایس او پیز (SOPs) برائے ابدالین سوسائٹی مسجد بلاک۔B اور C

اللہ رب العزت کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہماری بلاکس C & B کی دونوں جامعہ مساجد محترم رہائشیوں کو مثالی پر امن ماحول میں عبادت کرنے کے لیے ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔ علاوہ ازیں موجودہ مساجد کمیٹیاں انکی دیکھ بھال اور تزئین و آرائش میں بھرپور انداز میں فعال کردار ادا کر رہی ہیں۔ تاہم ان عبادت گاہوں کے ماحول کو معزز رہائشوں کے لیے عبادت کا بہترین ذریعہ بنانے کی خاطر ایس او پیز (SOPs) کی درج ذیل شرائط پر عمل درآمد کرنا ازحد ضروری ہے۔

1۔ مسجد میں مسجد کمیٹی کی پیشگی منظوری کے بغیر کسی طرح کا اعلان کرنا ممنوع ہے۔

2۔ مسجد میں امام صاحب کے علاوہ کسی فرد کو مسجد کمیٹی کی منظوری کے بغیر تقریر کرنے کی اجازت نہ ہے۔

3۔ مسجد میں باہر سے کسی خطیب کو دعوت دینے کے لیے مسجد کمیٹی کی سفارشات کی منظوری مینجمنٹ کمیٹی سے لی جائے گی اور اس سلسلہ میں فرقہ واریت سے مکمل اجتناب کیا جائے گا۔

4۔ ابدالین کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کی مساجد تمام مسالک کے ماننے والوں کی اجتماعی عبادت گاہیں ہیں۔لہذا مسجد میں کسی خاص مسلک یا فرقے کی بنیاد پر کسی نوع کی تقریب یا محفل کے انعقاد کی اجازت نہ ہے۔

5۔ مسجد کے اندر یا باہر مینجمنٹ کمیٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی قسم کا بینر، فلیکس یا پوسٹر لگانے کی اجازت ہرگز نہیں ہے ۔مسجد میں کسی قسم کی کوئی تقریب کرنے کے لیے مسجد کمیٹی کے لیے لازم ہے کہ سوسائٹی انتظامیہ کمیٹی سے قبل از وقت اجازت حاصل کریں۔

6۔ مسجد کے اندر کسی بھی قسم کا تعمیراتی کام یا ردوبدل کا حق صرف ابدالین ہاؤسنگ سوسائٹی کی منتخب مینجمنٹ کمیٹی کو حاصل ہے۔

7۔ نقد چندہ یا تعمیراتی میٹریل دینے کے خواہشمند افراد سوسائٹی آفس رابطہ کریں اور رسید حاصل کریں۔

8۔ کسی ممبر یا نان ممبر کو مسجد کے نام پر چندہ لینے کی اجازت نہیں ہے۔ اس ضمن میں مسجد کمیٹی کی پیشگی منظوری ضروری ہے۔

First Issue

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

9۔ مسجد باکس برائے عطیات میں جمع ہونے والا چندہ بذریعہ مسجد کمیٹی سوسائٹی کے مسجد فنڈ اکاونٹ میں جمع کروایا جائے گا جسے بذریعہ چیک مسجد کی مرمت و توسیع کے کام پر خرچ کیا جائے گا۔

10۔ مسجد میں نکاح کے انعقاد کے لیے اس ایس اوپیز (SOPs) کی شق نمبر 4 ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے مسجد کمیٹی کے توسط سے پیشگی اجازت حاصل کرنا ضروری ہے۔ مرد حضرات مسجد کے مین ہال اور باپردہ خواتین دوسرے ہال میں مسجد کے تقدس کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے نہایت سادگی سے شمولیت کر سکتی ہیں۔

11۔ مرحومین کے ایصال ثواب کی قران خانی اور دعا کے لیے بلاک۔B مسجد کا سائیڈ ہال اور C بلاک کا مین ہال مختص ہے جس کے لئے امام مسجد کے توسط سے مسجد کمیٹی کی رضامندی حاصل کرنے کے بعد امام مسجد کی مشاورت سے وقت اور دیگر انتظامات طے کرنا ہوں گے۔

جنرل سیکرٹری

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore